
الگ جوتوں کے وڑے استعمال کرنا چاہیں اور ہر مقام پر پہنچ کر نیز واپسی پر بھی ان جوتوں کو جراثیم کش مرکبات سے دھونا چاہیں۔

اس غرض سے ہر شیڈ کے صدر دروازے پر ایک چھوٹا سا کم گہرا حوض بنا دینا چاہیے جسے FOOT BATH کہا جاتا ہے ان کے استعمال کیلئے ربڑ کے لمبے سیاہ بوٹ کار آمد ہوتے ہیں۔

۳۔ کسی بھی شیڈ میں مرغیوں کو پکڑنے کے بعد دونوں ہاتھوں کو دھونا لازمی ہو جاتا ہے نیز مرغیوں کے پانی وخوراک کے

برتنوں کی صفائی بھی روزانہ کرنا چاہیے۔ مرغی خانے کی مجموعی صفائی کا بھی ایک نظام مقرر کرنا چاہیے اور اس پر پابندی سے عمل کرنا چاہیے اسی طرح دفتر فیڈ استور رہائشی مقام اور دیگر عمارتوں کی صفائی اور سفیدی کا سالانہ بندوبست کرنا چاہیے۔ نیز چوہوں چڑیوں اور دوسرے حشرانہ الارض پر قابو پانے کے موثر طریقے کار ہونا چاہیں۔ سورج کی شعاعیں جراثیم کش اثرات رکھتی ہیں لیکن مرغی خانے کے اندر تک انہیں نہیں پہنچایا جا سکتا تا ہم ساز و سامان کو دھو کر اسے سورج کی شعاعوں میں خشک کرنا چاہیے۔ مردہ پرندوں کو مناسب طریقہ سے تلف کرنے کیلئے جلانا کھڑوں میں دبانا وغیرہ مناسب رہتا ہے اور بیماریوں کی روک تھام میں بڑی مدد ملتی ہے۔ بیماری پیدا کرنے والے جراثیم کتنی مدت فارم پر زندہ رہ سکتے ہیں۔

یاد رکھئے پرہیز علاج سے بہتر ہے منافع بخش مرغبانی کیلئے تحفظ حیات کے اصولوں پر پابندی کر کے اپنے پیداواری اخراجات کم کریں اور اپنی مالی آمدن میں اضافہ کریں ہمیں دوائی نہیں بلکہ ہمیشہ صفائی کے اصول کو اپنایئے

نام امراض	پرندوں سے دور جراثیم کی مدت حیات
ا۔ کمروں یا الائی بی ڈی	کئی ماہ یا ایک سے دو سال کا عرصہ
۲۔ کاکسی یا خونی پیچس	ایضا
۳۔فاؤل کالرہ۔	کئی ہفتے
۴۔ فاؤل کورائیزا	کئی گھنٹے یا کئی دن
۵۔میریکس ڈریز	کئی ماہ
۶۔ نیوکاسٹل ڈزیز یارانی کھیت	کئی دن سے کئی ہفتے
۷۔ مائیکو پلازما	کئی گھنٹے یا دن
۸۔ سالمونیلا	کئی ہفتے
۹۔ تپدق	کئی سال

بائیو سیکورٹی (تحفظ حیات) امراض کی روک تھام کے لیے واحد اور موثر دفاعی ھتھیار

سہیل احمد ایم فل پولٹری پروڈکشن یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور

بائیوسیکورٹی کا مقصد آپ کے مرغی خانے میں اکثر و بیشتر امراض کی روک تھام کا ایک کارآمد نظام ہے جس کا مقصد پرندوں کو مختلف وائرس بیکٹریا و دیگر حضرات الارض وغیرہ سے محفوظ رکھنا ہے۔ یہ ایک نہایت سستا کم خرچ لیکن انتہا موثر و کارآمد طریقہ کار ہے جس سے امراض پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ امراض کی روک تھام کا کوئی دوسرا طریقہ مثلاً ویکسین کا استعمال بائیوسیکورٹی کی عدم موجودگی میں کامیاب نہیں ہوسکتا۔

بائیوسیکورٹی کا نظام مندرجہ ذیل اصولوں پر مبنی ہے۔

۱۔ مرغی خانے کو الگ تھلگ رکھنا۔

۲۔ مرغی خانے میں آمدورفت کو بند کرنا۔

۳۔ مرغی خانے میں صفائی اور حفظان صحت کے اصولوں پر مکمل طور پر عمل کرنا۔

مرغی خانے یا مرغی خانوں کو الگ تھلگ سے مراد پرندوں کو ایسے ماحول میں رکھنا ہے جس سے وہ دوسرے پرندوں جانوروں اور عام لوگوں سے بچ کر رہیں۔ ہر عمر کے پرندوں کو بھی الگ الگ دوسرے سے دور رکھنا اس میں شامل ہے۔ نیز ایک وقت میں ایک مرغی خانے میں صرف ایک ہی عمر کی مرغیاں رکھنا ضروری ہے تا کہ ایک ہی وقت میں اسکی مکمل صفائی دھلائی اور جراثیم کش ادویات کا اسپرے یا دھونی کا عمل مکمل کیا جا سکے جس سے کسی بھی قسم کے امراض کی روک تھام کو موثر بنانا مقصود ہے۔

مرغی خانے میں عام ٹریفک یا آمدورفت کو بند کرنے یا اسے محدود کرنے سے امراض کی روک تھام میں بڑی مدد ملتی ہے کیونکہ ایک جگہ سے دوسرے جراثیم مستقل ہونے کے عمل کی بندش ہو جاتی ہے اور یہ محدود ہو جاتے ہیں۔

صحت و صفائی یا حفظان صحت کے اصولوں کو سازوسامان، کارندوں، مالکان اور باہر سے آنے والے حضرات پر یکساطور پر لاگو کرنا چاہیے دہائی یا متعدی امراض ایک فارم سے دوسرے فارم یا ایک جگہ سے دوسری جگہ مندرجہ ذیل ذرائع سے پھیلتے ہیں۔

۱۔ بیمار پرندوں کی نقل و حرکت۔

۲۔ ایسے شفایاب پرندوں کی نقل و حرکت جو بظاہر کسی مرض میں مبتلا نہ ہوں لیکن بیماری کے جراثیم پھر بھی پھیلا سکتے ہوں۔ ان پرندوں کو حامل جراثیم Carriers کہا جاتا ہے۔

۳۔ کارندوں کا لباس اور پراگندہ جوتے جو وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ بغیر تبدیل کیے لیے پھرتے ہیں۔

۴۔ بیمار، لاغر یا مردہ پرندوں کو پکڑ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کر کے ہاتھ وغیرہ نہ دھونا کیونکہ ہاتھوں کو جراثیم لگ جاتے ہیں۔

۵۔ مردہ پرندوں کو مکمل طور پر نہ تلف کرنے سے مکھیاں، مچھر، چوہے بلیاں اور کتے انہیں نوچ نوچ کر بیماری پھیلا سکتے ہیں اس لیے انہیں جلانا یا کسی گہرے کنویں میں دفن کرنا چاہیے۔

۶۔ کھلے منہ والے پانی کے ذخائر جو آسانی سے آلودہ ہو جاتے ہیں اور ان کی صفائی کو نظرانداز کرنے سے جراثیم کے پھیلنے میں بڑی آسانی ہو جاتی ہے یا پینے والے پانی میں کلورین کی مطلوبہ مقدار کو شامل نہ کرنے سے ان کی افزائش ہوتی ہے۔

۷۔ مرغی خانوں میں چڑیا، کبوتر چوہے اور بلیاں جراثیم پھیلانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں نیز مکھیاں مچھر اور دوسرے کیڑے مکوڑے وغیرہ بھی یہ کام بہ آسانی سرانجام دیتے ہیں۔

۸۔ جراثیم وغیرہ سے آلودہ فیڈ اور فیڈ کی خالی بوریاں نیز فیڈ لانے لیجانے والے ٹرک وغیرہ بھی امراض پھیلانے میں معاون بنتے ہیں لہذا ان کی صفائی کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔

۹۔ مرغی خانوں کی اپنی حدود کے اندر پرانا استعمال شدہ گندہ لیٹر برادہ چاول کا چھلکا وغیرہ وغیرہ بھی جراثیم کی پرورش میں مددگار رہتا ہے لہذا اسے جلانا ہی بہتر ہوتا ہے۔

۱۰۔ کچھ امراض گندے اور ٹوٹے پھوٹے انڈوں کی بدولت بھی پھیل سکتے ہیں لہذا انہیں تلف کرنے وہی طریقہ اپنانا چاہیے جو مردہ پرندوں کیلئے ہوتا ہے۔

امراض کی روک تھام میں بائیوسیکورٹی کے کسی بھی اصول کے انحراف خصوصا پرندوں کی آمدورفت اور ٹریفک یا آمد و رفت سب سے اہم چیز ہے۔

آپ کے فارم پر بائیوسیکورٹی کے نظام میں مندرجہ ذیل بنیادی نقاط کو ہمیشہ پیش نظر رکھنا چاہیے۔

۱۔ اسکے اقتصادی یا مالی اثرات فوائد و نقصانات۔

۲۔ عام عقل و فہم سے مطابقت قابل قبول یا نہیں۔

۳۔ ممکنہ خطرات سے نسبتی یا اضافی تعلق

ایک دن کے چوزے یا چھوٹی عمر کے چوزوں میں امراض کا خطرہ اسلیئے زیادہ ہوتا ہے کیونکہ ان کی قوت مدافت یا مقدی امراض سے تحفظ کا معیار IMMUNITY دستیاب نہیں ہوتا۔ ہوسکتا ہے وہ پہلے سے ہی کسی مرض میں مبتلا ہوں یا کسی مرض سے بہ آسانی متاثر ہو جائیں کیونکہ ایسے جراثیم مرغی خانوں میں پہلے

چقندر کا جوس دماغ کو توانا اور جوان رکھتا ھے، تحقیق

اگر آپ صبح یا شام کی ورزش سے پہلے ایک کپ چقندر کا رس پی لیں تو اس سے دماغ تروتازہ اور جوان رہتا ہے۔

یہ تحقیق نارتھ کیرولینا میں واقع ویک فاریسٹ یونیورسٹی کے ماہرین نے کی ہے جس کہ بعد ان کا کہنا ہے کہ اگر ورزش اور جاگنگ سے قبل چقندر کا رس پیا جائے تو اس سے دماغ کے بعض حصے بہت مضبوط اور سرگرم ہو جاتے ہیں جب کہ چقندر کا مستقل استعمال آپ کے دماغ کو جوان اور توانا رکھتا ہے۔ یہاں تک کہ اپنے خاندان میں ڈیمنشیا اور دماغی امراض کی تاریخ رکھنے والے افراد بھی اس سے اپنے دماغ کو بچا سکتے ہیں۔ شاید اس کی وجہ چقندر میں موجود نائٹرک آکسائیڈ ہے جو فوری طور پر دماغ میں خون کے بہاؤ کو بڑھاتا ہے اور ورزش کے عمل کو بہتر بناتا ہے۔ ماہرین کے مطابق نائٹرک آکسائیڈ ایک بہت طاقتور شے ہے یہ جسم کے ان حصوں تک جاتا ہے جہاں آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے اور ہم جانتے ہیں کہ ہمارا دماغ غیر معمولی طور پر زائد آکسیجن استعمال کرتا ہے۔ چقندر کا رس ورزش کے ساتھ مل کر دماغ پر کچھ ایسا ہی مثبت اثر ڈالتا ہے کہ وہ بہت حد تک نوجوانوں کے دماغ سے مشابہ ہو جاتا ہے۔ ماہرین نے اس تحقیق کے لیے 55 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کا سروے کیا۔ انہیں دو گروہوں میں تقسیم کر کے انہیں 50 منٹ تک چہل قدمی کرائی گئی۔ ایک گروپ کو چقندر کا جوس دیا گیا اور دوسرے گروہ کو جوس نہیں پلایا گیا۔ ہر ہفتے 3 مرتبہ لوگوں پر یہ تجربات کیے گئے اور اس تجربے کو 6 ہفتے تک جاری رکھا گیا۔ جنہوں نے چہل قدمی سے قبل چقندر کا رس پیا تھا ان کے دماغ کے وہ مقامات قدرے سرگرم دیکھے گئے جو حرکت، جذبات اور سمجھ بوجھ سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان کے جسم میں نائٹریٹ اور نائٹرائٹ کی بلند شرح بھی دیکھی گئی۔ اس سے قبل کوئن میری یونیورسٹی لندن نے بھی کہا تھا کہ اگر آپ روزانہ 250 ملی لیٹر چقندر کا رس استعمال کریں تو اس سے بلڈ پریشر کا خطرہ کافی حد تک کم ہو جاتا ہے۔

انناس میں چھپے خزانے

انناس کا جوس بھترین فوائد کا حامل

زرعی تحقیقی مرکز امریکہ کے مطابق ایک کپ یعنی 250 گرام انناس (بغیر چینی) میں 132 کیلوریز، ایک گرام پروٹین، 32 گرام کاربوہائیڈریٹس، 25 گرام چینی اور نصف گرام فائبر (ریشہ) ہوتا ہے۔ اس کا ایک کپ بڑوں کی روزانہ میگنیشیئم کی 65 فیصد ضروریات پوری کرتا ہے۔ اس کے علاوہ وٹامن سی کی 42 فیصد روزمرہ ضروریات کے لیے یہ کافی ہے۔ جب کہ فولیٹ، وٹامن بی 6 اور تھایامن کی 10 فیصد ضروریات پوری کرتا ہے۔ انناس ایک فرحت بخش پھل ہے جس کی افادیت ہر روز بڑھتی جا رہی ہے۔ ماہرین کے مطابق انناس کے رس پینے کے کئی اہم فوائد سامنے آئے ہیں۔ انناس وٹامن، معدنیات، آینٹی آکسیڈنٹس اور دیگر اہم اجزا سے بھرپور ہوتے ہیں۔ ان کا استعمال کئی طرح سے مفید ثابت ہوتا ہے۔ ایک طویل عرصے سے اسے سوزش، جسمانی جلن اور بیماری سے بحالی کے لیے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ اگرچہ انناس کی 100 کے قریب اقسام ہیں لیکن افادیت کی بنا پر اس کی 8 اقسام کو ہی کاشت اور فروخت کیا جاتا ہے۔

1: امنیاتی نظام کو بہتر بنائے

انناس کے رس کا بہترین مصرف یہ بھی ہے کہ اس سے جسم کا قدرتی دفاعی نظام بیدار ہوتا ہے جو بیماریوں سے لڑتا ہے۔ اسے امنیاتی نظام کہتے ہیں۔ اس ضمن میں فلپائن میں اسکول کے بچوں پر ایک تجربہ کیا گیا اور انہیں ڈبے میں بند انناس روزانہ کی بنیاد پر دیا گیا۔ معلوم ہوا کہ اس سے بچے بیکٹیریا (جراثیم) سے محفوظ رہے اور بیماری کے بعد ان کی بحالی کا وقت بھی کم ہو گیا۔

2: ہاضمے کو بہتر بنائے

انناس میں ایک اہم اینزائم برومیلین موجود ہوتا ہے جو پروٹین کو توڑ کر ہاضمے کے عمل کو بہتر بناتا ہے۔ اس کے علاوہ برومیلین کو کیپسول کی صورت میں بھی فروخت کیا جا رہا ہے جو؟ آپریشن کے بعد سوزش، زخم اور دیگر تکالیف کو دور کرتا ہے۔

3: کینسر کا تدارک

ایک تجربے سے ثابت ہوا ہے کہ انناس کا تازہ رس سرطان سے بچاتا ہے۔ اس کے گودے اور جڑ کا رس بچہ دانی اور آنتوں کے سرطان پھیلنے کو روکتا ہے۔ ہارورڈ یونیورسٹی میں کی گئی ایک تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ بی ٹا کیروٹین انناس کا خاص جزو ہے جو کئی طرح کے سرطان کو روک سکتا ہے جن میں پروسٹیٹ کینسر اور بڑی آنت کا سرطان سرفہرست ہیں۔

4: جلد کا محافظ

وٹامن سی اور بی ٹا کیروٹین کی موجودگی انناس کو جلد کا بہترین دوست بناتی ہے۔ اس میں موجود بہت سے آینٹی آکسیڈنٹس جلد کی ٹوٹ پھوٹ، جھریوں اور جھلسن کو روکتی ہے۔

5: آنکھوں کے لیے مفید

ہم جانتے ہیں کہ وٹامن سی کا استعمال آنکھوں میں موتیا ہونے کو کئی لحاظ سے کم کرتا ہے۔ ماہرین پہلے ہی برطانیہ کے 1000 جڑواں بچوں پر وٹامن سی اور موتیا کے تعلق پر تحقیق کر چکے ہیں۔ اس لیے یہ موتیا کو روکنے میں بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

بشکریہ ---- احسن کامرے

انسانی صحت کے لئے غذا کی اہمیت

مرغی کا گوشت لذت اور توانائی سے بھرپور غذاء ھے، مرغی کا گوشت بے حد مثبت اثرات کا حامل ھے

غذا ہر جاندار کے لئے بے حد ضروری ہے۔غذا جسم میں ایندھن کا کام کرتی ہے۔اس سے صرف بھرنے کا کام ہی نہیں لینا چاہئے بلکہ ایسی غذا کا انتخاب کرنا چاہیے جو ہمارے جسم کو بھرپور توانائی بھی فراہم کرے۔غذا مناسب ہو تو جسم کا نظام بھی درست رہتا ہے۔ غذا اور صحت لازم وملزوم ہیں۔غذا کے پکانے اور کھانے میں احتیاط ضروری ہے۔اللہ تعالی نے ہمارے جسم کا نظام عجیب بنایا ہے۔اس میں ٹھوس اور سیال دونوں مادے موجود ہیں۔دانت، ہڈیاں، کھوپڑی سخت ہیں تو خون رقیق مادہ ہے۔دل، جگر، گردے نرم اعضاء ہیں۔بنیادی طور پر جسم خلیوں سے بنا ہے اور یہ خلیہ ہی حیات کی اکائی ہے۔خلیے ٹوٹتے رہتے ہیں، ان کی مرمت بھی ہوتی ہے اور نئے خلیے بھی بنتے رہتے ہیں۔ان خلیوں کی تعمیر و مرمت کے لئے غذا انتہائی اہم ہے۔اسلامی طب پر نظر ڈالیں تو پتہ چلتا ہے کہ غذا کو بنیادی اہمیت حاصل رہی ہے۔غذا سے علاج کیا گیا پھر دوسرے نمبر پر جڑی بوٹیاں ہیں۔لہسن پیاز کے بعد تمام سبزیاں قدرت کا ایک عظیم تحفہ ہیں۔ان میں پروٹین سے لے کر فلاور، کیلشیم اور تیل شامل ہوتا ہے اور وہ خاص جز بھی شامل ہے جو چربی اور تیل کو جسم میں ''حیاتین الف'' میں تبدیل کر دیتا ہے۔اس حیاتین کی کمی سے آنکھیں متاثر اور بینائی میں کمی ہوتی جاتی ہے۔ غذا سے اگر زندگی کی بقاء ہے تو اس کی زیادتی صحت کے لئے خطرناک بھی ہے۔ذیابیطس کے مرض کی ایک اہم وجہ بسیار خوری بھی ہے۔اس مرض پر غذا کو کنٹرول کرنے سے قابو پایا جا سکتا ہے۔غذا کی بھی قسمیں ہیں۔ماہرین کی تحقیق کے مطابق غذا کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، ہر ایک کی اپنی افادیت اور اہمیت ہے۔توانائی دینے والی غذا میں کاربوہائیڈریٹ سر فہرست ہے۔یہ ہمیں نشاستہ، آلو، دلیا، شکر، مٹھائیاں، مربے، شربت، چاول وغیرہ سے حاصل ہوتی ہیں۔ان کا استعمال اعتدال سے کرنا چاہیے۔اپنی غذائی ضروریات پوری کرنے کے لیے انسان مختلف اقسام کی خوراک کھاتا ہے، جس میں پھل، سبزیاں، گوشت، مشروبات وغیرہ شامل ہیں۔ان تمام چیزوں کی اپنی جگہ پر خاص اہمیت ہے۔متوازن غذا کھانے کے لیے ضروری ہے کہ اپنی عمر، صنف اور صحت کے مطابق ان سب چیزوں کا اعتدال میں استعمال کیا جائے۔دوسرے غذائی اجزاء کے علاوہ گوشت بھی انسانی خوراک کا اہم جزو ہے، جس سے جسم کو پروٹین، لحمیات، آئرن، وٹامن B وغیرہ حاصل ہوتی ہیں، جو کہ ایک صحت مند جسم کیلئے ضروری ہیں۔تاہم ہر قسم کی غذا کے اپنے فوائد اور نقصانات ہوتے ہیں۔اس لیے اس کو عام روٹین میں ضرورت کے مطابق کھانا چاہیے، گوشت کھانے میں غیر معمولی زیادتی سنگین قسم کے صحت کے مسائل کا سبب بن جاتی ہے۔مچھلی اور مرغی کے گوشت کو عام طور پر White Meat کہا جاتا ہے، اس سے انسانی جسم کو پروٹین وغیرہ حاصل ہوتی ہیں White Meat میں کیلوریز اور چکنائی کی مقدار بھی نسبتاً کم ہوتی ہے۔اس طرح چوپائیوں اور دودھ پلانے والے جانوروں (Mamals) کا گوشت Red Meat کہلاتا ہے۔مٹن (چھوٹا گوشت) میں چکنائی کی مقدار، چکن کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔بیف (بڑے گوشت) میں چکنائی کی زیادہ مقدار ہوتی ہے، تاہم اس سے دوسری غذائی ضروریات مثلاً پروٹین، زنک، فاسفورس، آئرن اور وٹامن B وغیرہ پوری ہوتی ہیں۔White Meat اور RedMeat دونوں کے اپنے فوائد اور نقصانات ہیں۔

طب اور غذائیات کے میدان میں ہونے والی ریسرچ سے پتا چلتا ہے کہ عام روٹین میں سرخ گوشت کا زیادہ استعمال مختلف سنگین نوعیت کی بیماریوں مثلاً کینسر، دل کے امراض، ذیابیطس، معدہ، جگر کی بیماریوں کا باعث بن سکتا ہے، اس کے علاوہ بعض سٹڈیز (studies) کے مطابق اس کے زیادہ استعمال سے وقت سے پہلے اموات (Premature Death) بھی واقع ہو سکتی ہیں۔بالخصوص وہ لوگ جو پہلے سے ہی ان بیماریوں میں مبتلا ہیں، انہیں سرخ گوشت کے استعمال میں غیر معمولی احتیاط برتنی چاہیے۔ہمارے ہاں شہروں میں ڈبوں میں پیک (Processed) گوشت کی خرید و فروخت کا رواج بھی عام ہوتا جا رہا ہے۔Processed سرخ گوشت سے بھی صحت کے مسائل لاحق ہوتے ہیں۔ہاورڈ سکول آف پبلک ہیلتھ کی طرف سے کی جانے والی ایک تحقیق کے مطابق اگر Processed سرخ گوشت کو روزانہ ایک بار بھی کھانے میں استعمال کیا جائے تو دل کی بیماریوں میں مبتلا ہونے کے امکانات 42% تک، جبکہ ذیابیطس میں مبتلا ہونے کے امکانات 19% تک بڑھ جاتے ہیں۔ایسے گوشت کو محفوظ کرنے کیلئے نائٹریٹس (Nitrates) کا استعمال کیا جاتا ہے، جو کہ بعض سائنسدانوں کے نزدیک کینسر پیدا کرنے کا موجب بنتے ہیں۔اس لیے اس تحقیق میں لوگوں کو تاکید کی گئی ہے کہ وہ کینسر کے خطرے سے بچنے کیلئے Processed سرخ گوشت سے اجتناب کریں۔جو لوگ صحت کے حوالے سے مختلف مسائل کا شکار ہوتے ہیں، اگر وہ سرخ گوشت کی مقدار اپنی معمول کی خوراک میں کم کر دیں تو سٹڈیز کے مطابق ان کی صحت میں بھی بہتری کی کافی گنجائش موجود ہی ہے۔گزشتہ سال برطانیہ کے صحت کے حوالے سے قائم کردہ سائنٹفک ایڈوائزری کمیشن نے اپنے شہریوں کیلئے تجویز کیا تھا کہ وہ اوسطاً 70 گرام یا (2.5oz) روزانہ، جو ہفتے میں تقریباً 500 گرام (یا 17oz) بنتا ہے، سرخ گوشت استعمال کر سکتے ہیں تا کہ بڑی آنت کے کینسر کے خطرے کو کم سے کم کیا جا سکے۔ہمارے ہاں شہروں میں فاسٹ فوڈ کلچر بھی جڑ پکڑ چکا ہے۔نوجوان اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والی فیملیز بھی بڑی کثرت اور رغبت کے ساتھ اسے کھاتے ہیں۔ان فاسٹ فوڈ ایٹمز میں بھی چکن یا گوشت کی دوسری اقسام شامل ہوتی ہیں۔اسے معمول کا حصہ بنا لینے سے سب سے زیادہ موٹاپے کی شکایت پیدا ہوتی ہے، جو کہ خود ایک بیماری ہے اور بہت سی بیماریوں کا سبب بنتی ہے۔نیز ان کے استعمال سے صحت کے مختلف دوسرے مسائل کا بھی سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔نہایت ضروری ہے کہ فاسٹ فوڈز سمیت گوشت کی دوسری تمام مصنوعات کو بڑی احتیاط کے ساتھ اعتدال میں برتا جائے۔تا کہ اس سے آپ کے جسم کو نقصان کی بجائے فوائد حاصل ہو سکیں اور آپ ایک صحت مند زندگی گزار سکیں۔

حکومت اگر تعاون کرے تو پاکستان میں لاکھوں بچوں میں اسٹنٹڈ کو ختم کرنے کے لئے پورے ملک میں ’مرغی کی کھپت کو بڑھایا جاسکتا ہے

پولٹری فارمرز کو حکومت ریلیف فراہم کرے:۔ محمد عظمت چوھدری ممبر سی ای سی پاکستان پولٹری ایسو سی ایشن

پولٹری فارمر کو ایک شیڈ پر لاکھوں روپے خسارے کا سامنا ہے، موجودہ صورتحال میں کاروبار جاری رکھنا ممکن نہیں رہا

پولٹری میگزین سے گفتگو کرتے ہوئے، ایوینز پروٹین فارم کے سربراہ، پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن محمد عظمت چوہدری نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ ملک میں غذائی قلت کو ختم کرنے کے لئے بچوں اور بوڑھوں میں پروٹین کی کمی کو دور کرنے کے لئے پولٹری کی صنعت کی حمایت کی جائے۔ چوہدری محمد عظمت کا شمار پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی نمایاں شخصیات میں ہوتا ہے۔آپ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے ایک اہم رکن کی حثیت سے پولٹری انڈسٹری کی بقاء کے لئے پولٹری فارمرز کے بہت سے مسائل حل کرواتے رہے ہیں۔ آپ پولٹری سے منسلک مختلف معملات حل کروانے کے لئے دیگر پولٹری صنعت کی قیادت کے ساتھ ہمیشہ پیش پیش رہتے ہیں۔ مرغی کے گوشت کی موجودہ کم ترین قیمتوں کے حوالے سے گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ طویل عرصہ سے مرغی پیداواری لاگت سے کم قیمت پر فروخت ہورہی ہے اوران حالات میں فارمر کا کاروبار جاری رکھنا بھی مشکل نظر آرہا ہے کیونکہ فارمر میں اب مزید نقصان برداشت کرنے کی سکت نہیں رہی۔ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن نے اس سلسلے میں وفاقی اورصوبائی حکومتوں کو بذریعہ خط قیمتوں کے بحران سے آگاہ کر دیا ہے۔اس وقت مرغی کی پیداواری لاگت بہت بڑھ چکی ہے جبکہ فارمر اسے 30 سے 40 روپے خسارے میں بیچنے پر مجبور ہیں اور فارمر کو ایک شیڈ پر لاکھوں روپے خسارے کا سامنا ہے اوراس امر کو میڈیا اور حکومتی اداروں تک پہنچانا ازحد ضروری ہے ہمارا المیہ یہ ہے کہ پورے سال میں ایک، دو ماہ جب مرغی کی قیمت اوپر جاتی ہے تو سرکاری محکمے فوری طور پر اسے کنٹرول کرنے کیلئے میدان میں آجاتے ہیں، مرغی کا گوشت بیچنے والوں کے چالان کئے جاتے ہیں اور ڈیلروں کی پکڑ دھکڑ شروع ہوجاتی ہے جو غیر منصفانہ عمل ہے۔ مرغی ایک انتہائی ’’پیریش ایبل آئٹم‘‘ ہے اور مخصوص وزن کے بعد اسے کسی طور بھی ہولڈ نہیں کیا جاسکتا لہٰذا مرغی کی قیمتوں کا تعلق خالصتاً طلب ورسد پر منحصر ہے اور ’’فری مارکیٹ‘‘ کے اس بنیادی اصول کے تحت ہی منڈیوں میں قیمتیں طے ہوتی ہیں۔ اگر حکومت قیمتیں زیادہ ہونے پر حرکت میں آتی ہے تو قیمتیں انتہائی سطح سے بھی کم ہونے پر بھی فارمر کی مدد کو آنا چاہیے کیونکہ اگر حکومت ’’کنٹرولڈ مارکیٹ‘‘ چاہتی ہے تو مرغی کی پیداواری لاگت، بجلی، پٹرول کے نرخ اور دیگر لوازمات کو جمع تفریق کر کے اس کی کم از کم قیمت بھی فکس کردے اور زیادہ سے زیادہ بھی۔ بعض حکومتی شخصیات کی مرغی کے کاروبار سے وابستگی کو بھی اپوزیشن کے ارکان ہدف تنقید بناتے ہیں جن سے عوامی سطح پر یہ تاثر ابھرتا ہے کہ شاید مرغی کی قیمتوں کو اپنی مرضی کے مطابق کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن موجودہ حالات میں شدید بے چینی کا شکار ہے۔ بوجہ کورونا وائرس عوامی اجتماع، شادی ہالوں اور ریستوراں کو بند رکھنے کی وجہ سے چکن کے گوشت کی کھپت پر تباہ کن اثرات پڑے تھے۔ گزشتہ کئی اخباری بیانات اور اپیلوں میں پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن واضح کرچکی ہے کہ لاک ڈاؤن کے سبب پولٹری کی پیداوار بہت کم ہوگئی ہے۔ لیکن مرغی کی پیداواری لاگت میں مزید اضافہ ہوا اور مرغی کی قیمت فروخت میں پیداواری لاگت کے حساب سے کوئی اضافہ نہ ہوا جس کی وجہ سے پولٹری فارمرز کو شدید نقصان اٹھانا پڑا اور تقریباً 50 فیصد پولٹری فارمز بند ہوگئے۔ ایسوسی ایشن نے مختلف پریس کانفرنسوں اور متعدد پریس ریلیزوں کے ذریعے حکومت کو پوری طرح سے آگاہ کیا تھا کہ اس صورتحال سے پولٹری کی مصنوعات کی شدید قلت پیدا ہوجائے گی کیونکہ نقصانات پیداوار میں کمی کا باعث بنیں گے اور قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ صنعت کی ترقی سے متعلق کئے گے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پولٹری کی صنعت کے ساتھ اور بھی بہت سے لوگوں کا روزگار وابستہ ہے اور کافی ساری صنعتیں بھی اس کے ساتھ منسلک ہیں۔ پولٹری فارمنگ میں 10 ملین ٹن سے زائد زرعی بقایاجات کی کھپت ہوتی ہے، جس میں گندم کا چوکر، چاول، چاول پالش، مکئی، گڑ کی مصنوعات وغیرہ شامل ہیں۔ اور موجودہ حالات کو دیکھ کر لگتا ہے کہ اگر بروقت اس صنعت کو تحفظ نہ دیا گیا تو بہت سے لوگ بے روزگار ہوجائیں گے اور ملک میں غذائی قلت کا مسئلہ بھی جنم لے گا کیونکہ یہ ایک واحد صنعت ہے جو آج تک عوام کو سستی پروٹین مہیا کرنے میں کوشاں ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ پولٹری فارمر کو منافع زیادہ ہو یا کم اس صنعت نے عوام کی خدمت جاری اور ساری رکھی ہوئی ہے۔ جہاں تک مرغی کے گوشت کے ریٹ کا تعلق ہے یہ طلب ورسد کے بنیادی اصولوں کے مطابق طے ہوتا ہے۔ اس سے ایسوسی ایشن کا کوئی تعلق نہیں۔ حکومت سے درخواست ہے کہ وہ پولٹری فارمرز کے لئے بروقت ریلیف پیکج کا اعلان کرے تاکہ پولٹری فارمرز اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں اور عوام کو سستی پروٹین مہیا کرنے کا سلسلہ جاری رہے۔ اس کے علاوہ درج ذیل مراعات کا فوری اعلان کیا جائے۔

۱۔ بینکوں کے قرض ری شیڈیول کئے جائیں اور میڈیم سائز کمپنیوں کو 40 کروڑ کا نیا قرضہ 3%-2 مارک اپ پر دیا جائے۔

۲۔ تین ماہ کے بجلی کے بل ڈیفر کئے جائیں اوران کی ادائیگی ایک سال میں بغیر جرمانے کے قسطوں میں وصول کی جائے۔

۳۔ پولٹری فارمر کو مناسب سرمایہ فراہم کیا جائے تاکہ وہ مرغی کی پیداوار کو جاری رکھ سکیں۔ ورنہ ملک میں غذائی بحران پیدا ہوجائے گا۔

انہوں نے کہا کہ پی پی اے نے، کچھ سال پہلے، "پاکستان پولٹری ڈویلپمنٹ" کے ایک پروگرام کے تحت متعدد سرکاری اسکولوں میں اسکول کے بچوں کو مرغی اور انڈے فراہم کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ انہوں نے کہا، "اگر حکومت پنجاب فنڈز فراہم کرتی ہے تو پاکستان میں لاکھوں بچوں میں اسٹنٹ کو ختم کرنے کے لئے پورے ملک میں ’مرغی کے خدمت کے پروگرام‘ کو بڑھایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولٹری سیکٹر انتہائی منظّم زراعت پر مبنی سیکٹر ہے اور ملک کے ہر کونے میں پولٹری فارم دستیاب ہیں۔ لہذا، پولٹری کی صنعت حکومت کے لئے اسٹنٹنگ کو کنٹرول کرنے کے لئے ملک بھر میں پی پی اے پلیٹ فارم کا استعمال کرتے ہوئے اسکول کے بچوں کے لئے کھانے کا پروگرام شروع کرنے کا بہترین انتخاب ہوسکتا ہے۔

کیپٹن (ر) ثاقب ظفر صاحب سیکرٹری لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب نے پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے دفتر کا دورہ کیا۔

مورخہ 28-8-2020 بروز جمعہ المبارک کو کیپٹن (ر) ثاقب ظفر صاحب سیکرٹری لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب کو پولٹری ہاؤس جوہر ٹاون لاہور میں دعوت دی گئی۔ وہ تقریباً 11:30 پر پولٹری ہاؤس جوہر ٹاؤن پہنچ گئے تھے اور ان کا بھرپور استقبال کیا گیا میٹنگ کا باقائدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے میاں طارق محمود نے کیا۔ اس کے بعد وائس چیئر مین پی پی اے نادرن ریجن چوہدری محمد فرغام، ممبران پی پی اے اور میجر (ر) سید جاوید حسین بخاری سیکرٹری پی پی اے نے ان کی تشریف آوری پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ تقریباً 01:30 بجے تک پی پی اے ممبران اور ان کے درمیان سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ میٹنگ میں چوہدری محمد فرغام وائس چیئر مین پی پی اے نادرن ریجن، رضا محمود خورسند سابق چیئر مین پی پی اے،، خلیق ارشد سابق چیئر مین پی پی اے نادرن ریجن، رائے منصب علی کھرل سابق چیئر مین پی پی اے نادرن ریجن، چوہدری محمد نصرت طاہر سابق چیئر مین پی پی اے نادرن ریجن، محمد عظمت چوہدری ممبر سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی، مشتاق احمد، طارق محمود، ڈاکٹر نعمان طور، رانا غلام صابر، خالد محمود، لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، ساجد ملک، شاہد اقبال ، ڈاکٹر حنیف نذیر، ڈاکٹر عاصم محمود خان، ڈاکٹر عبدالکریم، میجر (ر) سید جاوید حسین شاہ سمیت دیگر افراد نے بھی شرکت کی۔ ڈاکٹر عبدالکریم بھٹی صاحب نے تفصیلی (جامع) پریزنٹیشن دی جس میں گرینڈ پیرنٹس سے لے کر برائیلر اور لیئر تک کا تمام پروڈکشن سسٹم واضح کیا گیا۔ اس تفصیلی پریزنٹیشن میں پولٹری کی پیداوار اور اس کی غذائی افادیت سے متعلق تمام تر تفصیلات بذریعہ سلائڈز دکھائی گئیں۔ جس میں بتایا گیا کہ گرینڈ پیرنٹس سے برائیلر بننے کا مکمل پروسس 18 ماہ میں مکمل ہوتا ہے۔ ڈاکٹر عبدالکریم نے اپنی پریزنٹیشن کے ذریعے واضح کیا کہ جو آج برائیلر ہم دیکھ رہے ہیں یہ تقریباً 100 سال کی مسلسل محنت کے بعد بنا کیونکہ اس بریڈ کو تیار کرنے کے لئے بہت لمبا عرصہ درکار تھا۔ انہوں نے میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ مرغی اور انڈے کی غذائی افادیت پر کسی قسم کا کوئی شک نہیں یہ غذائیت سے بھرپور غذا ہے اور ہر غریب امیر کی دسترس میں بھی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ انڈا ایک مکمل غذا ہے اور مرغی کا گوشت پروٹین سے بھرپور غذا ہونے کی وجہ سے ہر بچے بوڑھے اور جوان کو اسے اپنی خوراک کا حصہ بنانا چاہئے۔ رائے منصب علی کھرل سابق چیئر مین پی پی اے نے کہا کہ ایک عرصے سے مرغی کا گوشت پیداواری لاگت سے کم قیمت پر فروخت ہو رہا ہے اور حکومتی ادارے اس کے لئے کوئی اقدامات کرتے نظر نہیں آ رہے جب فارمر کو ریلیف مل رہا تھا تب گورنمنٹ نے 7 مئی 2020 سے 6 جون 2020 تک پولٹری ریٹ کیپ کر کے 260 روپے فکس کر دیا، اس سے پولٹری فارمر کو بہت بھاری نقصان اٹھانا پڑا جو آج تک پولٹری کی پیداواری لاگت سے بھی کم قیمت فروحت ہو رہا ہے، اب حکومت کہاں ہے۔ لہٰذا حکومت کو چاہئے کہ پولٹری فارمرز کے بقا اور پولٹری انڈسٹری کے استحکم کے لئے کام کریں۔ اس کے علاوہ چوہدری محمد عظمت صاحب کا کہنا تھا کہ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن ایک کامیاب ادارہ ہے جو روز اول سے عوام الناس کو سستی اور معیاری پروٹین مہیا کرنے میں کوشاں ہے۔

چیئر مین نارتھ ریجن چوہدری محمد فرغام، سابق چیئر مین پی پی اے رضا محمود خورسند اور ڈاکٹر عبدالکریم بھٹی سابق چیئر مین پی پی اے نارتھ ریجن نے زور دیا کہ۔

-1 پولٹری فارمرز کو فوری طور پر نئے کم ترین شرح سود پر قرضہ جات فراہم کیئے جائیں تاکہ وہ اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں ورنہ ملک میں مرغی کے گوشت کا بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔

-2 پولٹری انڈسٹری پر لاگو تمام ٹیکسز ختم کیئے جائیں۔

-3 گورنمنٹ سے التماس ہے کہ پولٹری فارمز پر سولر سسٹم نصب کرنے کیلے 3-1 فیصد مارک آپ پر قرضے فراہم کیے جائیں۔

-4 پرانی برائیلر ریٹ کمیٹی کو بحال کیا جائے ٹریڈرز کی مداخلت کو ختم کیا جائے۔

کیپٹن (ر) ثاقب ظفر صاحب سیکرٹری لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب نے یقین دہانی کروائی کہ وہ ہمارے تمام مطالبات صوبائی اور فیڈرل حکومت کے متعلقہ محکموں سے منظور کروانے کی پوری جدوجہد کریں گئے۔ آخر میں چیئر مین پی پی اے (نارتھ ریجن) اور تمام پی پی اے ممبران نے سیکرٹری صاحب کی تشریف آوری پر ان کا شکریہ ادا کیا اور سیکرٹری صاحب نے بھی جواباً ان سب کا شکریہ ادا کیا۔

پولٹری انڈسٹری تباہی کے دھانے پر کھڑی ہے اس کو بچایا جائے: چوہدری محمد فرغام وائس چئیرمین پی پی اے،نادرن ریجن

پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام 15 اگست 2020 کو پولٹری انڈسٹری سے منسلک مسائل پر ایک پریس کانفرنس منعقد کی گئی۔ پریس کانفرنس میں چوہدری محمد فرغام وائس چیئر مین پی پی اے، رضا محمود خورسند، میجر (ریٹائیرڈ) سید جاوید حسین بخاری اور بہت سے پی پی اے ممبران نے شرکت کی۔ پولٹری انڈسٹری کو درپیش مسائل کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پولٹری زراعت کے شعبوں میں سب سے منظّم سیکٹر ہے۔اس وقت پولٹری انڈسٹری کل استعمال ہونے والے گوشت کا45-40 فیصد حصہ مہیا کر رہی ہے۔اور تقریبا15 لاکھ لوگوں کا روزگار اس شعبے سے وابستہ ہے۔اس شعبے میں ہونے والی سرمایہ کاری کا حجم1000 ارب سے زائد ہو چکا ہے۔اس تناسب سے حکومت کو محاصل بھی ملتے ہیں۔پولٹری انڈسٹری معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ پولٹری انڈسٹری پوری قوم کے لئے چکن اور انڈں کی صورت میں سستی ترین پروٹین کی فراہمی کا واحد ذریعہ ہے۔ پاکستان کی پولٹری انڈسٹری موجودہ حالات میں شدید نقصانات کا شکار ہے۔گزشتہ 6 ماہ سے بوجہ کورونا وائرس عوامی اجتماع، شادی ہالوں اور ریستوران کو بند ہونے کی وجہ سے مرغی کے گوشت کی کھپت 40%-35 کم ہوئی ہے۔جس کی وجہ سے پولٹری فارمرز کو شدید نقصانات کا سامنا ہے اور تقریباً40-35 فیصد پولٹری فارمز بند ہو گئے ہیں۔عام طور پر عیدالضحی سے چند روز قبل اور بعد میں نیز ماہ محرم وصفر کے دوران تقریبات نہ ہونے کی وجہ سے مرغی کے گوشت کی کھپت کم ہو جاتی ہے۔جس کی وجہ سے فارمرز کو بھاری نقصانات اٹھانا پڑتے ہیں۔ پولٹری کے شعبے کے ساتھ اور بھی بہت سے لوگوں کا روزگار وابستہ ہے۔ پولٹری فارمنگ میں 10 ملین ٹن سے زائد زرعی اجناس (بقایا جات) کی کھپت ہوتی ہے،جس میں گندم کا چوکر، چاول، چاول پالش، مکئی، گڑ کی مصنوعات وغیرہ شامل ہیں۔اور موجودہ حالات کو دیکھ کر لگتا ہے کہ اگر بر وقت اس صنعت کو تحفظ نہ دیا گیا تو بہت سے لوگ بے روزگار ہو جائیں گے اور ملک میں غذائی قلت کا مسئلہ بھی جنم لے گا کیونکہ یہ ایک واحد شعبہ ہے جو آج تک عوام کو سستی پروٹین مہیا کرنے میں کوشاں ہے۔اس بات میں کوئی شک نہیں کہ پولٹری فارمر کو منافع زیادہ ہو یا کم اس صنعت نے عوام کی خدمت جاری اور ساری رکھی ہوئی ہے۔ جہاں تک مرغی کے گوشت کے ریٹ کا تعلق ہے یہ طلب و رسد کے بنیادی اصولوں کے مطابق طے ہوتا ہے۔حکومت سے درخواست ہے کہ وہ پولٹری فارمرز کے لئے بر وقت ریلیف پیکج کا اعلان کرے تا کہ پولٹری فارمرز اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں اور عوام کو سستی پروٹین مہیا کرنے کا سلسلہ جاری و ساری رہے۔اس کے لیئے درج ذیل اقدامات کا فوری اعلان کیا جائے۔

ا۔ بینکوں کے قرض ری شیڈیول کئے جائیں اور پولٹری انڈسٹری سے وابستہ افراد اور اداروں کو زراعت کی بنیاد پر کم ترین شرح سود پر قرضے فراہم کیئے جائیں۔

۲۔ پولٹری فارمرز کو فوری طور پر نئے قرضہ جات فراہم کیئے جائیں تا کہ وہ اپنی پیداوار کو جاری رکھ سکیں۔ ورنہ ملک میں غذائی بحران پیدا ہو جائے گا۔

۳۔ پولٹری ویکسینز، ادویات، خام مال اور مشینری کی درآمد پر ڈیوٹی اور ٹیکسز کی شرح ختم کی جائے تا کہ مرغی کی پیداواری لاگت کم ہو سکے

اسلام میں نماز کی اهمیت

مصنف عبدالملک الکلیب

ہر قوم کا اپنا اپنا ایک امتیازی نشان ہوتا ہے اسی طرح مسلمانوں کا امتیازی نشان دن اور رات میں پانچ دفعہ اپنے پروردگار کے سامنے باوضوء ہوکر کھڑے ہونا اور اپنے گناہوں کی معافی مانگنا اور اپنے رب سے اس کی رحمت طلب کرنا ہے مسلمانوں کیلیے یہ پانچ نمازیں اتنی ضروری ہیں کہ ان میں بھی ایک جان بوجھ کر چھوڑ دی جائے تو اس کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے ''من ترک الصلاۃ متعمد افقد کفر'' نماز انتہائی اہم ترین فریضہ اور اسلام کا دوسرا رکن عظیم ہے جو کہ بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ کلمہ توحید کے اقرار کے بعد سب سے پہلے جو فریضہ انسان پر عائد ہوتا ہے وہ نماز ہی ہے۔ اسی سے ایک مومن اور کافر میں تمیز ہوتی ہے۔ بے نمازی کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ قیامت کے دن اعمال میں سب سے پہلے نماز ہی سے متعلق سوال ہوگا۔ فرد و معاشرہ کی اصلاح کے لیے نماز ازحد ضروری ہے۔ نماز فواحش ومنکرات سے انسان کو روکتی ہے۔ بچوں کی صحیح تربیت اسی وقت ممکن ہے جب ان کو بچپن ہی نماز کا پابند بنایا جائے۔ قرآن وحدیث میں نماز کو بروقت اور باجماعت ادا کرنے کی بہت زیادہ تلقین کی گئی ہے۔ نماز کی ادائیگی اور اس کی اہمیت اور فضلیت اس قدر اہم ہے کہ سفر وحضر اور میدان جنگ اور بیماری میں بھی نماز ادا کرنا ضروری ہے۔ نماز کی اہمیت وفضیلت کے متعلق بے شمار احادیث ذخیرہ حدیث میں موجود ہیں اور بیسیوں اہل علم نے مختلف انداز میں اس موضوع پر کتب تالیف کی ہیں۔ نماز کی ادائیگی کا طریقہ جاننا ہر مسلمان مرد وزن کیلیے ازحد ضروری ہے کیونکہ اللہ عزوجل کے ہاں وہی نماز قابل قبول ہوگی جو رسول اللہ ﷺ کے طریقے کے مطابق ادا کی جائے گی۔ اور ہمارے لیے نبی اکرم ﷺ کی ذات گرامی ہی اسوہ حسنہ ہے۔ انہیں کے طریقے کے مطابق نماز ادا کی جائے گی تو اللہ کے ہاں مقبول ہے۔ اسی لیے آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہر مسلمان کے لیے رسول اللہ ﷺ کے طریقہ نماز کو جاننا بہت ضروری ہے۔ زیر تبصرہ کتاب ''نماز کی اہمیت وافادیت قرآن وحدیث کی روشنی میں ''عبدالملک الکلیب کی عربی کتاب کا ترجمہ ہے۔ اس کتاب میں انہوں نے نماز کی اہمیت وفضیلت کے متعلق آیات قرآنیہ اور 207 احادیث مبارکہ باترجمہ پیش کی ہیں۔ محترم جناب عبد الوکیل علویؒ نے اردو وطبقہ کے لیے اسے اردو قالب نے ڈھالا ہے۔ اور احمد بلاک ویلفیئر سوسائٹی گارڈن ٹاؤن نے اسے افادہ عوام کے لیے شائع کرکے فری تقسیم کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو مصنف، مترجم وناشرین کے لیے آخروی نجات کے ذریعہ بنائے (آمین) (م۔ا)

نماز کی فرضیت و اَهمیت

نماز دینِ اسلام کے بنیادی ارکان میں سے ہے۔ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان کے بعد اہم ترین رکن ہے۔ اس کی فرضیت قرآن وسنت اور اجماعِ امت سے ثابت ہے۔ یہ شبِ معراج کے موقع پر فرض کی گئی۔ قرآن وسنت اور اجماع کی رو سے اس کی ادائیگی کے پانچ اوقات ہیں۔

1۔ قرآنِ حکیم میں نماز کا حکم

اسلامی نظامِ عبادات میں نماز کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ قرآنِ حکیم میں 92 مقامات پر نماز کا ذکر آیا ہے۔ اور متعدد مقامات پر صیغہ امر کے ساتھ (صریحًا) نماز کا حکم وارد ہوا ہے۔ چند آیات کا ترجمہ ملاحظہ ہوں:

اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔

2۔ سورہ طٰہٰ میں ارشادِ خداوندی ہے:

''اور میری یاد کی خاطر نماز قائم کیا کرو۔''

3۔ اللہ عزوجل نے اپنے نہایت برگزیدہ پیغمبر سیدنا اسماعیل علیہ السلام کے بارے میں ارشاد فرمایا:

''اور وہ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتے تھے اور وہ اپنے رب کے حضور مقامِ مرضیّہ پر (فائز) تھے (یعنی ان کا رب ان سے راضی تھا)''

2۔ احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نماز کی تاکید

اسلام کے ارکانِ خمسہ میں سے شہادت توحید ورسالت کے بعد جس فریضہ کی بجا آوری کا حکم قرآن وسنت میں تاکید کے ساتھ آیا ہے وہ نماز ہی ہے۔ درج ذیل احادیث مقدسہ کے مطالعہ سے یہ واضح ہوجاتا ہے کہ اسلام میں نماز کو کیا مقام حاصل ہے؟

1۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا اور اس کے سوا سب کی عبادت کا انکار کرنا، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، بیت اللہ کا حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔''

2۔ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں فرض کی ہیں، جس نے ان نمازوں کے لئے بہترین وضو کیا اور ان کے وقت پر ان کو ادا کیا، کاملاً ان کے رکوع کئے اور ان کے اندر خشوع سے کام لیا تو اللہ عزوجل نے اس کی بخشش کا عہد فرمایا ہے، اور جس نے یہ سب کچھ نہ کیا اس کے لئے اللہ تعالیٰ کا کوئی ذمہ نہیں، چاہے تو اسے بخش دے، چاہے تو اسے عذاب دے۔''

3۔ نماز کی اہمیت اس قدر زیادہ ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے وصال کے وقت امت کو جن چیزوں کی وصیت فرمائی ان میں سے سب سے زیادہ تاکید نماز کی فرمائی، بلکہ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے مروی حدیثِ صحیح کے مطابق آخری الفاظ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک پر بار بار آتے تھے وہ یہی تھے:

''نماز کو لازم پکڑو اور اپنے غلام، لونڈی کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا۔''

نمازِ پنجگانہ کی فضیلت

نمازِ پنجگانہ مسلمانوں کے لئے ایک اہم ترین فریضہ ہے۔ اسلامی عبادات میں سب سے افضل عبادت نماز ہے۔ قرآن و حدیث میں نماز کے بے شمار فضائل اور فوائد بیان ہوئے ہیں۔

اداریہ

پاکستان پولٹری انڈسٹری کے بڑھتے مسائل کو فوری طور پر گورنمنٹ کی طرف سے حل کیا جانا چاھئے اور پولٹری انڈسٹری کوممکنہ ریلیف فراہم کیا جانا چاھئے

پولٹری کے موجودہ حالات کے پیش نظر پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے پریس کلب لاہور میں پریس کانفرنس منعقد کی تاکہ وہ اپنے مسائل سے حکومت کو آگاہ کرسکیں۔ پاکستان کی پولٹری انڈسٹری موجودہ حالات میں شدید نقصانات کا شکار ہے۔گزشتہ 6 ماہ سے بوجہ کورونا وائرس عوامی اجتماع، شادی ہالوں اور ریستوراں کو بند ہونے کی وجہ سے مرغی کے گوشت کی کھپت 35-40% کم ہوئی ہے۔جس کی وجہ سے پولٹری فارمرز کو شدید نقصانات کا سامنا ہے اور تقریباً 40-35 فیصد پولٹری فارمز بند ہوگئے ہیں۔عام طور پر عیدالضحیٰ سے چند روز قبل اور بعد میں نیز ماہ محرم وصفر کے دوران تقریبات نہ ہونے کی وجہ سے مرغی کے گوشت کی کھپت کم ہوجاتی ہے۔جس کی وجہ سے فارمرز کو بھاری نقصانات اٹھانا پڑتے ہیں۔پولٹری کے شعبے کے ساتھ اور بھی بہت سے لوگوں کا روزگار وابستہ ہے۔ پولٹری فارمنگ میں 10 ملین ٹن سے زائد زرعی اجناس (بقایاجات) کی کھپت ہوتی ہے،جس میں گندم کا چوکر، چاول، چاول پالش، مکئی، گڑ کی مصنوعات وغیرہ شامل ہیں۔اور موجودہ حالات کو دیکھ کر لگتا ہے کہ اگر بروقت اس صنعت کو تحفظ نہ دیا گیا تو بہت سے لوگ بمہ زرعی کاشتکار بے روزگار ہوجائیں گے اور ملک میں غذائی قلت کا مسئلہ بھی جنم لے گا کیونکہ یہ ایک واحد شعبہ ہے۔جو آج تک عوام کو سستی پروٹین مہیا کرنے میں کوشاں ہے۔اس بات میں کوئی شک نہیں کہ پولٹری فارمر کو منافع زیادہ ہو یا کم اس صنعت نے عوام کی خدمت جاری اور ساری رکھی ہوئی ہے۔ جہاں تک مرغی کے گوشت کے ریٹ کا تعلق ہے یہ طلب ورسد کے بنیادی اصولوں کے مطابق طے ہوتا ہے۔حکومت سے درخواست ہے کہ وہ پولٹری فارمرز کے لئے بروقت ریلیف پیکج کا اعلان کرے تاکہ پولٹری فارمرز اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں اور عوام کو سستی پروٹین مہیا کرنے کا سلسلہ جاری وساری رہے۔اس کے لیئے درج ذیل اقدامات کا فوری اعلان کیا جائے۔

ا۔ بینکوں کے قرض ری شیڈیول کئے جائیں اور پولٹری انڈسٹری سے وابستہ افراد اور اداروں کو زراعت کی طرح کم ترین شرح سود پر قرضے فراہم کیئے جائیں۔

۲۔ پولٹری فارمرز کو فوری طور پر نئے قرضہ جات فراہم کیئے جائیں تاکہ وہ اپنی پیداوار کو جاری رکھ سکیں۔ورنہ ملک میں غذائی بحران پیدا ہوجائے گا۔

۳۔ پولٹری ویکسینز، ادویات، خام مال اور مشینری کی درآمد پر ڈیوٹی اور ٹیکسز کی شرح ختم کی جائے تاکہ مرغی کی پیداواری لاگت کم ہوسکے۔

اس وقت پولٹری انڈسٹری کل استعمال ہونے والے گوشت کا 45-40 فیصد حصہ مہیا کررہی ہے۔اور تقریبا 15 لاکھ لوگوں کا روزگار اس شعبے سے وابستہ ہے۔اس شعبے میں ہونے والی سرمایہ کاری کا حجم 1000 ارب سے زائد ہوچکا ہے۔اس تناسب سے حکومت کو محاصل بھی ملتے ہیں۔پولٹری انڈسٹری معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔ پولٹری انڈسٹری پوری قوم کے لئے چکن اور انڈں کی صورت میں سستی ترین پروٹین کی فراہمی کا واحد ذریعہ ہے۔

پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کا عمل جاری ہے۔

پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن ایک جمہوری ادارہ ہے جس کے انتخابات ہر سال منعقد ہوتے ہیں اور تمام ممبران اپنا حق رائے دہی استعمال کرتے ہیں۔پی پی اے کے انتخابات کا نظام قواعد وضوابط کے مطابق انتہائی شفاف رکھا جاتا ہے۔ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ کے مطابق پی پی اے کے انتخاب میں صرف وہی ممبر حصہ لے سکتا ہے جو پچھلے دوسال سے پی پی اے کا رجسٹرڈ ممبر ہو، اس نے اپنی انکم ٹیکس ریٹرن بھی جمع کروائی ہو اور اس کے ساتھ ساتھ اس کا نام بھی ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری کردہ ووٹر لسٹ میں بطور ممبر درج ہو۔جو ممبران شرائط پر پورا نہیں اترتا وہ انتخابات میں نہ حصہ لینے کا اہل ہوتا ہے، نہ ہی کسی کو ووٹ دے سکتا ہے اور نہ ہی کسی کو تجویز وتائید کرسکتا ہے۔الیکشن کمیشن کے ممبران کا تقرر باقاعدہ طور پر سنٹرل جنرل باڈی کے اجلاس کی منظوری سے کیا جاتا ہے۔اس سال بھی انتخابات پی پی اے کے مرکزی جنرل سیکرٹری عرفان محمد میکن کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق یہ انتخابات پی پی اے کے آرٹیکل اینڈ میمورنڈم کے رول B 13 آف ٹریڈ آرگنائزیشن کے تحت کروائے جارہے ہیں۔الیکشن شیڈول کا اعلان پہلے ہی کردیا گیا تھا۔پی پی اے کے انتخابات کے حوالے سے ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ کے تمام قواعد وضوابط پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔جس کے نتیجے میں پی پی اے کی مجلس عاملہ وعہدیداران کا باقائدہ اعلان سالانہ جنرل باڈی میٹنگ کے اجلاس میں کیا جائے گا۔

اریبہ صفدر

فہرست

علم و عمل 62

اسلام میں نماز کی اہمیت

پی پی اے نیوز 59

پولٹری انڈسٹری تباہی کے دھانے پر کھڑی ہے اس کو بچایا جائے:

چوہدری محمد فرغام وائس چیئر مین پی پی اے نادرن ریجن

فیچر 57

بائیوسیکورٹی (تحفظ حیات) امراض کی روک تھام کے لئے واحد اور موثر دفاعی ہتھیار: سہیل احمد ایم فل پولٹری پروڈکشن

آئی ایل ٹی انفکشن لیرنگوٹریکائٹس: ڈاکٹر سید افضل ترمذی

انٹرویو: 57

پولٹری فارمرز کو حکومت کی جانب سے ریلیف فراہم کیا جائے: محمد عظمت چوہدری ممبر سی ای سی پی پی اے

ریسپی 38

پاکستان پولٹری میگ

ایڈیٹر ان چیف :

چوہدری محمد فرغام

ایگیزیکٹو ایڈیٹر

میجر (ر) سید جاوید حسین بخاری

ایڈیٹر

اریبہ صفدر

کنوئینر پولٹری میگزین:

محمد عظمت چوہدری

اراکین

خالد سلیم ملک، عبدالحئی مہتا، رائے منصب علی کھرل

ڈاکٹر ایف ایم صابر، ڈاکٹر انور محمود رندھاوا

تکنیکی مشیران

ڈاکٹر محمد اسلم، حسن سروش اکرم، ڈاکٹر ارشد حنیف چوہدری

عبدالکریم بھٹی، ڈاکٹر محمد مصطفیٰ کمال

ڈاکٹر علی رضا حیدر

اعزازی مشیران

خلیل ستار

ڈاکٹر محمد صادق

ڈاکٹر محمد اسلم

رضا محمود خورسند

عبدالباسط

ڈیزائنر /فوٹو گرافر

ایم طاہر ندیم tnadeem009@gmail.com

0300-4347426

پرنٹر

حُسنین الیاس پرنٹرز

پبلیشر

میجر (ر) سید جاوید حُسین بخاری

24 آر (پولٹری ہاؤس)، جوہر ٹاؤن، لاہور

جملہ حُقوق بحق ایڈریل بورڈ محفوظ، اس شمارے میں شائع ہونے والے مواد یا اس کے کسی حصے کی اشاعت کا ایڈیٹوریل بورڈ کی پیشگی اجازت کے بغیر ممنوع ہے۔

اس شمارے میں شائع ہونے والے مضامین یا دیگر مواد کا ایڈیٹر یا ایڈیٹوریل بورڈ متفق یا نا ضروری نہیں۔

قیمت فی شمارہ:400روپے

اندرون ملک سالانہ: 4000 روپے (بذریعہ عام ڈاک)

بیرون ملک سالانہ:400امریکی ڈالرز


Hubbard
پہلے سے بھی بہتر برائیلر
20 Years OF EXCELLENCE
GRANDPARENT POULTRY (PVT) LTD.
دنیا کا بہترین برائیلر پیرنٹ سٹاک
More Hatching Eggs
Better Hatchability
Efficient Broiler
GRANDPARENT POULTRY (PVT) LTD.
Head Office
2-A, Ahmad Block, New Garden Town (P.O Box # 157) Lahore-54000, Pakistan.
Tel: +(92-42) 35835373-74, 35837512-14 Tel: +(92-42) 35835371, 35839170, 35860519
U.A.N: 111-111-220 E-mail: bigbird@bigbirdgroup.com.pk
Rawalpindi Office
6-A, Commercial
Satellite Town, Rawalpindi.
Tel: +(92-51) 4932351, 4932239
Fax: +(92-51) 4932235
U.A.N: (051) 111-111-220
Hubbard S.A.S.
Mauguerand - Le Foeil,
BP 169- F22800
Quintin, France.
Tel: +33(0)296796370
Fax: +33(0)296740471